سوال

(474) فطرانہ آخری عشرہ میں دینا بہتر ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

استادِ محترم صدقہ فطرانہ آخری عشرہ میں دینا بہتر ہے اگر کوئی مسلمان پہلے عشرہ میں دے دیتا ہے تو کیا اس کا فطرانہ ادا ہوجائے گا یا وہ پھر دے اس میں وہ گناہ گار ہے کہ نہیں؟ (قاری محمد یعقوب گجر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درست ہے آخری عشرہ میں نمازِ عید سے پہلے پہلے فطرانہ ادا کردینا افضل ہے البتہ اگر اس سے پہلے ادا کردے تو فطرانہ ادا ہوجائے گا۔ ہاں نمازِ عید کے بعد ادا کرلے تو فطرانہ نہیں ہو گا۔ ''صدقہ من الصدقات'' ہوگا۔ ۹ ۸ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص411

محدث فتویٰ